اصغرؔ گونڈوی

(1884 – 1936)

اصغر حسین نام اور اصغرؔ تخلص تھا۔ اصل وطن گورکھپور تھا۔ لیکن آپ کے والد جو قانون گو تھے، ملازمت کے سلسلے میں ایک طویل مدّت تک گونڈہ میں رہے۔ اس لیے آپ اصغرؔ گونڈوی کے نام سے مشہور ہو گئے۔

اصغرؔ ایک پرہیزگار انسان تھے، مگر ان کے مزاج میں رنگینی اور شگفتگی بھی تھی۔ طبیعت تصوّف کی طرف مائل تھی۔ الٰہ آباد میں ہندوستانی اکیڈمی کی ملازمت کے سلسلے میں ایک مدّت تک قیام رہا اور اکیڈمی کے سہ ماہی رسالے ''ہندوستانی'' کے ایڈیٹر رہے۔

اصغر کم گو شاعر تھے۔ ان کے کلام کے صرف دو چھوٹے چھوٹے مجموعے ''سرودِ زندگی'' اور ''نشاطِ روح'' شائع ہوئے۔ ان کے منفرد رنگ کی ابتدا ''نشاط روح'' سے ہوتی ہے۔ زبان و بیان اور خیالات دونوں اعتبار سے ان کا کلام بہت صاف ستھرا ہے۔ ان کے لب ولہجہ میں ایک خاص سنجیدگی، اسی کے ساتھ ساتھ سرشاری کی کیفیت، زبان و بیان میں ایک عالمانہ وقار اور خیالات میں پاکیزگی پائی جاتی ہے۔ تصوف اور معرفت کے مضامین بہت عمدگی کے ساتھ نظم کرتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

غزل

5012CH16

آلامِ روزگار کو آساں بنا دیا
جو غم ہوا، اسے غمِ جاناں بنا دیا

میں کامیابِ دید بھی محرومِ دید بھی
جلووں کے ازدحام نے حیراں بنادیا

یوں مسکرائے ، جان سی کلیوں میں پڑگئی
یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنا دیا

اے شیخ! وہ بسیط حقیقت ہے کفر کی
کچھ قید و رسم نے جسے ایماں بنا دیا

وہ شورشیں، نظامِ جہاں جن کے دم سے ہے
جب مختصر کیا اُنھیں انساں بنادیا

ہم اس نگاہِ ناز کو سمجھے تھے نیشتر
تم نے تو مسکرا کے رگِ جاں بنا دیا

____ اصغؔر گونڈوی

© NCERT not to be republished

مشق

لفظ و معنی:

آلامِ روزگار	:	الم کی جمع، دنیا کے غم
غمِ جاناں	:	محبوب کا غم
ازدحام (اژدہام)	:	ہجوم، بھیڑ
لب کُشا	:	منھ کھلا ہوا
بسیط	:	پھیلا ہوا، کشادہ
شورشیں	:	شورش کی جمع، ہنگامہ، بدامنی، افراتفری
نیشتر	:	چیرا لگانے والا چاقو، نشتر

غور کرنے کی بات:

- لفظ ازدحام کو اژدہام لکھنے کا رواج عام ہوگیا ہے۔ یہ لفظ دونوں طرح درست سمجھا جاتا ہے۔

سوالوں کے جواب لکھیے:

1۔ ''آلامِ روزگار'' کو شاعر نے اپنے لیے کس طرح آساں بنایا ہے، واضح کیجیے؟

2۔ کامیابِ دید اور محرومِ دید کی وضاحت کیجیے۔

3۔ ''جلووں کے اِزدحام'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

4۔ شاعر نے محبوب کی مسکراہٹ کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

© NCERT not to be republished

عملی کام:

- نیچے دیے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

بسیط شورش مختصر گلستاں

- اپنے استاد سے دریافت کر کے چند ایسے شعر لکھیے جس میں انسان کی عظمت کو بیان کیا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished